TPL Insurance

# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ TPL انشورنس لمیٹڈ (" کمپنی") کا سالانہ اجلاس عام ("**AGM**") بروز پیر، 25 اپریل، 2022 کو صبح 11:00 بجے مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے الیکٹرانک طریقے سے منعقد ہوگا:

**عمومی امور:**

1۔ مورخہ 22 اپریل، 2021 کو منعقدشدہ سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی کی منظوری

"طے پایا کہ بذریعہ ہذا مورخہ 22 اپریل، 2021 کو صبح 11:00 بجے منعقدشدہ TPL انشورنس لمیٹڈ کے سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی کو منظور کیا جاتا ہے۔"

2۔ سال مختتمہ 31 دسمبر، 2021 کے حوالے سے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے ساتھ چیئرمین کی جائزہ رپورٹ اوراس پر ڈائیریکٹرز، آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، ان پر غوروخوص کرنا اور منظوری دینا۔

"طے پایا کہ سال مختتمہ 31 دسمبر، 2021 کے حوالے سے TPL انشورنس لمیٹڈ کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں، ان پر چیئرمین کی جائزہ رپورٹ اوراس پر ڈائیریکٹرز، آڈیٹرز کی رپورٹ کو بذریعہ ہذا منظور کیا جاتا ہے۔"

3۔ 31 دسمبر، 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈیٹرز کا تقرر اوران کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ سبکدوش ہونے والے میسرز EY فورڈ روہڈز (EY Ford Rhodes) چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ("EYFR") نے اپنی قانونی مدت مکمل کرلی ہے۔ بورڈ آف ڈائیریکٹرز نے آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر میسرز بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی 31 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر تقرری کی تجویز دی ہے۔

"طے پایا کہ میسرز بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا اُن کی جانب سے موصول شدہ رضامندی کی بنیاد پر، 31 دسمبر، 2022 کو ختم ہونے والی مدت کے لیے باہمی طے شدہ فیس پر، میسرز TPL انشورنس لمیٹڈ کے آڈیٹرز کے طور پر تقرر کیا جاتا ہے۔"

**خصوصی امور:**

4۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کے مطابق کمپنی کو منسلک کمپنی، TPL ٹریکر لمیٹڈ کو 300 ملین روپے کی پیشگی رقم (ایڈوانس) کی ادائیگی کے حوالے سے اجازت کی تجدید کے لیے خصوصی قرارداد پر غوروخوص اور اگر موزوں تصور کیا جائے تو اس کی مع یا بلاترمیم منظوری دینا۔

"طے پایا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کے مطابق کمپنی کو منسلک کمپنی، TPL ٹریکر لمیٹڈ کو 300 ملین روپے کی پیشگی رقم (ایڈوانس) کی ادائیگی کی تجدید کی جاتی ہے۔"

"مزید طے پایا کہ، کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکریٹری مختار ہیں اور انہیں بذریعہ ہذا مذکورہ بالا ایڈوانس اوراس کے تمام اتفاقی /متعلقہ اور/یا ذیلی امور کے حوالے سے مطلوب تمام ضروری اقدامات کو انفرادی طور پر انجام دینے کی اجازت دی جاتی ہے۔"

(کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (3) 134 کے تحت مذکورہ بالا سالانہ اجلاسِ عام میں انجام دیئے جانے والے درج بالا خصوصی امور سے متعلق مادی حقائق پر مبنی گوشوارہ کمپنی کے حصص یافتگان کو 31 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کے حوالے سے سالانہ رپورٹ کے ساتھ ارسال کردیا گیا ہے)۔

**دیگر امور:**

5۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کو انجام دینا۔

**حسب الحکم بورڈ**

**دانش قاضی**

**کمپنی سیکریٹری**

**کراچی، 04 اپریل، 2022**

**تمسکات (Notes):**

1۔ **الیکٹرانک طریقے سے AGM کے انعقاد کی وجہ یعنی کورونا وائرس کی ہنگامی منصوبہ بندی**

عالمی وباء کے پھیلاؤ کے خطرے سے بچاؤ اور حصص یافتگان کی صحت کے تحفظ کے لیے کمپنی اپنے اراکین سے درخواست کرتی ہے کہ وہ ایک مقام پر بڑے مجمع سے اجتناب کے لیے اجلاسِ عام میں ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے شریک ہوں۔

لہٰذا اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ AGM میں ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے شرکت اور شمولیت کے لیے اپنے کوائف (نام، فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر، سی این آئی سی نمبر اور موبائل فون نمبر) کمپنی سیکریٹری کے پاس، AGM کے وقت سے کم از کم 24 گھنٹے قبل **company.secretary@tplholdings.com** پر ای میل کر کے درج کرائیں۔

اراکین غیر معمولی اجلاسِ عام کے مجوزہ ایجنڈا کے حوالے سے اپنی آراء/تجاویز **company.secretary@tplholdings.com** پر ای میل کرسکتے ہیں۔

2۔ **منتقلی حصص کی کتب کی بندش:**

کمپنی کی حصص کی منتقلی کی کتب (شیئر ٹرانسفر بکس) 18 اپریل، 2022 تا 25 اپریل، 2022 (بشمول دو یوم) بند رہیں گی۔ منتقل الیہان (ٹرانسفریز) کے مذکورہ بالا استحقاق کے مقصد کے لیے میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ بواقع پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی ۔75500، پاکستان کو 15 اپریل 2022، کاروباری اوقات کار (سہ پہر 3:00 بجے) تک موصول شدہ منتقلی حصص کی درخواستوں کو بروقت تصور کیا جائے گا۔

3۔ **اجلاس میں شمولیت:**

اجلاس میں اراکین کی مقررہ تعداد (کورم) کو یقینی بناتے ہوئے کم سے کم اراکین کے ساتھ سالانہ اجلاسِ عام طلب کرنے کے لیے سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جاری کردہ ہدایات کے مطابق، اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سالانہ اجلاسِ عام میں اپنی حاضری اور ووٹنگ کو پراکسیز کے ذریعے یکجا کرلیں۔

کمپنی کے تمام اراکین پراکسی کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے اور وہاں ووٹ دینے کے حقدار ہیں۔ باضابطہ طور پر تقرر شدہ پراکسی، اجلاس میں بات کرنے اور ووٹ دینے کے انہی حقوق کا حامل ہوگا، جو ایک رکن کو دستیاب ہوتے ہیں۔ باضابطہ طور پر پُر اور دستخط شدہ پراکسی فارمز، کمپنی کے رجسٹرار، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ بواقع پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی ۔75500، پاکستان کے پتے پر اجلاس سے 48 گھنٹے قبل لازمی طور پر موصول ہوجانا چاہیئے۔

4۔ **برائے اجلاس میں شرکت:**

(i)۔ انفرادی شخص کی صورت میں، کھاتہ دار (اکاؤنٹ ہولڈر) اور/یا ذیلی کھاتہ دار (سب اکاؤنٹ ہولڈر)، جن کی تفصیلات CDC قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کردی گئی ہیں، اپنے مؤثر سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی نقل مع دیگر کوائف (نام، فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر، موبائل فون نمبر) کی مذکورہ بالا آئی ڈی پر بذریعہ ای میل فراہمی کے ذریعے اپنی شناخت کی تصدیق کریں گے نیز پراکسی کی صورت میں لازمی طور پر اس کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی نقل منسلک کریں۔

(ii)۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائیریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ، نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ مذکورہ بالا آئی ڈی پر بذریعہ ای میل فراہم کریں گے۔

5۔ **پتے کی تبدیلی:**

اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر شیئر رجسٹرار، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، بواقع پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی ۔75500، پاکستان کو مطلع کریں۔

اس نوٹس کی تشریح اور تفصیل یا مبالغہ کی صورت میں انگریزی میں چھپے AGM نوٹس کو حتمی حیثیت حاصل ہوگی۔